عسکری لائف ایشورنس کمپنی لمیٹڈ

نوٹس برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ عسکری لائف ایشورنس کمپنی لمیٹڈ کے حصص کنندگان کا اٹھائیسواں سالانہ اجلاس عام، بذریعہ ویڈیو کانفرنس بروز پیر، ۲۶ اپریل ۲۰۲۱ء بوقت گیارہ بجے منعقد ہوگا:

حالیہ پروٹوکولز کے مطابق، کووڈ 19 پاکستان میں ایک دفعہ پھر سر اٹھا رہا ہے اور لوگوں کے بڑے گروپ کا انتظام کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے، چنانچہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ۲۰۲۱ کے سرکلر نمبر ۶ مورخہ ۳۰ مارچ ۲۰۲۱ء کو مدنظر رکھتے ہوئے اور تمام معزز شرکاء کے لئے ایک متاثر رسانی دضع کرنے کیلئے، یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ سالانہ اجلاس عام صرف زوم ویڈیو لنک کے ذریعے منعقد ہوگا۔ اجلاس "زوم کلاؤڈ میٹنگز" (Zoom Cloud Meetings) پر منعقد کیا جائے گا جو گوگل پلے اسٹور (Google PlayStore) یا ایپل ایپ اسٹور (Apple App Store) سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ کسی بھی پریشانی سے بچنے کیلئے خواہشمند حصص کنندگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اجلاس سے قبل ایپ ڈاؤن لوڈ کر لیں۔ سالانہ اجلاس والے روز حصص کنندگان کسی بھی قابل رسائی مقام سے اسمارٹ فون یا کمپیوٹر/ڈیوائس کے ذریعے لاگ ان ہو سکیں گے اور اجلاس میں شرکت کر سکیں گے۔

تمام حصص کنندگان کو جن کے نام مورخہ ۱۹ اپریل ۲۰۲۱ء کو کاروبار کے اختتام پر کمپنی کی کتابوں میں موجود ہوں گے، اجتماع میں شرکت کے مقصد کیلئے "بروقت" تصور کیا جائے گا اور جو آن لائن پلیٹ فارم کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ ذیل معلومات کی فراہمی کے ذریعے جلد از جلد لیکن اجلاس سے ۴۸ گھنٹے سے زیادہ نہیں (یعنی ۲۵ اپریل ۲۰۲۱ء صبح ساڑھے دس بجے سے قبل) company.secretary@askarilife.com پر کمپنی سیکریٹری کے دفتر میں خود کو رجسٹر کروائیں:

حصص کنندہ کا نام	شناختی کارڈ نمبر	فولیو نمبر/سی ڈی سی نمبر	موبائل نمبر	ای میل

خواہشمند حصص کنندگان سے مذکور بالا معلومات وصول ہو جانے کے بعد، کمپنی ان کو ان کے دیئے گئے ای میل پتے پر لاگ ان تفصیلات بھیجے گی۔ لاگ ان کی سہولت، شرکت کنندگان کی شناخت اور تصدیق کے عمل میں آسانی کے لئے اجلاس میں **صبح گیارہ بجے** شریک ہونے سے قبل، اجلاس کے شروع ہونے سے آدھے گھنٹے قبل **بروز ۲۶ اپریل ۲۰۲۱ء بوقت صبح ساڑھے دس بجے** کھولی جائے گی۔

تمام حصص کنندگان جن کے نام مورخہ ۱۹ اپریل ۲۰۲۱ء کو کاروبار کے اختتام پر کمپنی کی کتابوں میں موجود ہوں گے، تجویز کردہ ایجنڈا اٹکات کیلئے اپنے تبصرے/تجاویز، درج بالا ای میل پتے پر اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل بھیج سکتے ہیں جن پر اجلاس میں گفتگو ہوگی اور انہیں اجلاس کے منٹس کا حصہ بنایا جائے گا۔

اجلاس مذکور ذیل کاروبار کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

عمومی کاروبار:

1- ۲۹ مئی ۲۰۲۰ء کو منعقدہ ستائیسویں سالانہ اجلاسِ عام کے منٹس کی تصدیق؛

2- ۳۱ دسمبر ۲۰۲۰ء کو ختم ہونے والے سال اور اس میں آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس کے ساتھ کمپنی کے مالیاتی گوشواروں کی وصولی، ان پر غور اور انکو اختیار کرنا؛

3- میسرز آر اس ایم او ایس حیدر لیاقت نعمان — چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی بہ حیثیت کمپنی کے قانونی آڈیٹرز اور شریعت آڈیٹرز دوبارہ تقرری اور مالیاتی سال ۳۱ دسمبر ۲۰۲۱ء کے لئے ان کے معاوضے کا تعین؛

4- کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۵۶ کے مطابق کمپنی کے ڈائریکٹرز کا انتخاب۔ منتخب کئے جانے والے ارکان کی تعداد بورڈ آف ڈائیریکٹرز کی طرف سے ۷ مقرر کی گئی ہے۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

1-	لیفٹیننٹ جنرل (ر) وحید مختار (ریٹائرڈ)	2-	میجر جنرل (ر) ظہیر علی گورایا (ریٹائرڈ)
3-	ایئر وائس مارشل محمد اطہر عباسی (ریٹائرڈ)	4-	محترمہ عائشہ رفیق
5-	جناب طارق حمید	6-	جناب جاوید یونس
7-	ملک رفعت محمود		

5- چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں پیش کئے گئے کمپنی کے ممکنہ دیگر کاروباری امور کی انجام دہی۔

تاریخ: ۰۵ اپریل ۲۰۲۱ء

بحکم بورڈ

کمپنی سیکریٹری

نوٹ:

الف) سالانہ اجلاسِ عام کے لئے کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں، ۲۰ اپریل ۲۰۲۱ء تا ۲۶ اپریل ۲۰۲۱ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ مورخہ ۱۹ اپریل ۲۰۲۱ء کو کاروبار کے اختتام پر ہمارے رجسٹرار میسرز سی ڈی سی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر 32، چامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، فیز VII، کراچی کے دفتر میں، درست طور پر حصص کی موصولہ منتقلیاں، اجلاس میں شرکت کی غرض سے بروقت تصور کی جائیں گی۔

ب) اجلاس میں شرکت کا اہل رکن اجلاس میں شرکت کے لئے گفت وشنید کرنے کے لئے اور ووٹ دینے کیلئے اپنی جگہ اپنے نائب (پراکسی) کے طور پر کسی فرد کا تقرر کر سکتا ہے۔ ایسے نامزدگی کی تقرری کی اطلاع فعال ہونے کی غرض سے، مہر شدہ، منتظم شدہ، اور گواہی شدہ، اجلاس سے کم از کم اڑتالیس گھنٹے قبل (یعنی ۲۴ اپریل ۲۰۲۱ء کو صبح گیارہ بجے) کمپنی کے ہیڈ آفس، ایمرلڈ ٹاور، دفتر نمبر 1104، گیارہواں فلور، پلاٹ جی 19، بلاک 5، کے ڈی اے امپیریل فٹ اسکیم 5، کلفٹن، کراچی میں وصول ہو جانی چاہیئے۔ ایک رکن کو ایک سے زیادہ نائب مقرر کرنے کا استحقاق حاصل نہیں ہے۔

ج) سی ڈی سی اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹ کے حامل افراد اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کے لئے اپنا اصل قومی شناختی کارڈ، اکاؤنٹ نمبر/ذیلی اکاؤنٹ نمبر اور سی ڈی سی میں درج شرکت کنندہ آئی ڈی نمبر فراہم کریں۔ کسی کارپوریٹ ادارے کے صورت میں، اجلاس کے وقت نامزد کردہ کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ پیش کیا جائے گا (اگر یہ کہ یہ پہلے پیش کر دیا گیا ہو)۔

د) حصص کنندگان (غیری ڈی سی) سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتوں میں کسی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اطلاع دیں اور اگر ممکن ہو تو ای میل پتہ بھی فراہم کریں۔

برائے تقرری یا کنٹن (پراکسیز)

- انفرادی ہونے کی صورت میں، درج بالا نوٹ (ب) میں مطلع کردہ ضرورت کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا
- پراکسی فارم پر دو گواہان کی تصدیق ہوگی جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج کئے جائیں گے۔
- مالک انتظامی اور نائب کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کی جائیں گی۔
- نائب اجلاس کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرے گا۔
- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، پراکسی فارم نامزد کردہ کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ پیش کیا جائے گا (اگر یہ کہ یہ پہلے پیش کر دیا گیا ہو)۔

کمپنی کے سالانہ اکاؤنٹس

کمپنی کے سالانہ اکاؤنٹس برائے سال ۲۰۲۰ جو ۳۱ دسمبر ۲۰۲۰ء کو اختتام پذیر ہوا، کمپنی کی ویب سائٹ www.askarilife.com سے ڈاؤن لوڈ کئے جا سکتے ہیں۔

ارکان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سالانہ رپورٹ کی الیکٹرانک منتقلی کے لئے، الیکٹرانک منتقلی کا رضامندی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.askarilife.com پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔ وہ ارکان جو اس سہولت سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنا مکمل کیا ہوا اور دستخط شدہ فارم کمپنی کے سیکریٹری کو کمپنی کے ہیڈ آفس، ایمرلڈ ٹاور، دفتر نمبر 1104، گیارہواں فلور، پلاٹ جی 19، بلاک 5، کے ڈی اے امپیریل فٹ اسکیم 5، کلفٹن، کراچی میں رکن کے قومی شناختی کارڈ کی نقل کے ہمراہ جمع کروا دیں۔

ڈائریکٹرز کا انتخاب

منتخب کئے جانے والے ارکان کی تعداد بورڈ آف ڈائیریکٹرز کی طرف سے ۷ مقرر کی گئی ہے۔

جو بھی حصص کنندہ کمپنی کی ڈائریکٹر شپ کے انتخاب کے لئے مقابلہ کرنا چاہتا ہے وہ کمپنی اسکے رجسٹرڈ دفتر میں مندرجہ ذیل پیش کرے گا:

1- کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۵۶ کے لحاظ سے درج بالا سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے چودہ دن قبل انتخاب کیلئے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس؛

2- کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے تحت تجویز کردہ فارم ۲۸ (ڈائریکٹر کے طور پر امور انجام دینے پر آمادگی)؛

3- دفتری پتے کے ساتھ تفصیلی پروفائل؛

4- کوڈ آف کارپوریٹ گورننس ۲۰۱۹ سے مطابقت کے سلسلے میں اور ایک فہرست شدہ کمپنی کے ڈائریکٹر یا آزاد ڈائریکٹر کے طور پر امور انجام دینے کیلئے کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے وضع کردہ اہلیت کے معیار کا اقرار نامہ

5- جائز کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور نیشنل ٹیکس نمبر کی تصدیق شدہ نقل۔

نامزد کردہ ڈائریکٹر کی تفصیلی پروفائل دفتری پتے کے ساتھ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے مورخہ ۱۰ جولائی ۲۰۱۷ء کے ایس آر او (I) ۶۳۴/۲۰۱۷ء کے لحاظ سے انتخاب کی تاریخ سے سات دن قبل، کمپنی کی ویب سائٹ پر پیش کر دی جائے۔

کسی بھی استفسار/معلومات کے لئے ارکان شیئر رجسٹرار سے درج ذیل پتے پر رابطہ کر سکتے ہیں:

ایم ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ
پلاٹ نمبر 32
چامی کمرشل اسٹریٹ 2،
ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، فیز VII،
کراچی

عسکری لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ
ایمرلڈ ٹاور، دفتر نمبر 1104،
گیارہواں فلور، پلاٹ جی 19،
بلاک 5، کے ڈی اے امپیریل فٹ اسکیم 5، کلفٹن، کراچی
فون: 021 111 222 275
رابطہ فرد: کمپنی سیکریٹری
ای میل: company.secretary@askarilife.com